# 26-08-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) وزیراعلیٰ نے سیولس پریلمنری امتحانات میں کامیاب 135 نوجوانوں میں راجیو گاندھی سیولس ابھایاہستم پروگرام کے تحت فی کس ایک لاکھ روپے کی مالی امداد تقسیم کی۔

(۲) بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت، حیدرآباد میں واقع جھیلوں میں غیر مجاز قبضہ جات کے معاملہ پر سنجیدہ ہے۔

(۳) سابق وزیر وسدی پیٹ ایم ایل اے ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مطالبہ کیا ہے کہ زمینات کو باقاعدہ بنانے کی اسکیم (ایل آر ایس) کو مفت نافذ کرنے سے متعلق اپنے انتخابی وعدہ کو پورا کیا جائے۔

اور

(۴) ریاست بھر میں آج جنم اشٹمی کا تہوار مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

☆☆☆

جنم اشٹمی، آج ریاست بھر میں مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ بھکتوں بڑی تعداد، حیدرآباد وسکندرآباد میں واقع بیشتر مندروں پر پہنچ کر لارڈ کرشنا کا درشن کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ اور گورنر نے سری کرشنا جنم اشٹمی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ سی ایم ریونت ریڈی نے عوام کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دی اور کہا کہ گیتا کی تعلیمات سے انسانی زندگی پر اثر پڑتا ہے، جبکہ لارڈ کرشنا انسانی زندگی کے ہر مرحلہ میں موجود ہوتے ہیں۔ گورنر جشنو دیو ورما نے ریاست میں امن، خوشحالی اور بھائی چارگی کے علاوہ اتحاد کی دعا کی ہے۔

☆☆☆

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج کہا ہے کہ ڈینگی کے بڑھتے معاملات اور اموات پر ریاستی حکومت کو ریاست بھر میں ہیلتھ ایمرجنسی کا اعلان کرنا چاہئے۔ راما راؤ نے ایکس پر اپنے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ریاستی حکومت جہاں یہ دعویٰ کررہی ہے کہ ریاست میں ڈینگی سے کوئی موت واقع نہیں ہوئی، وہیں ہفتہ کو کم از کم پانچ جبکہ آج تین اموات ہوئی ہیں۔ کے ٹی آر کے مطابق سرکاری دواخانوں میں دواؤں کی کمی ہے، جس کی بنا پر مریضوں کو بیشتر ہاسپٹلس میں سنگل بستر کو باٹنے پر مجبور ہونا پڑرہا ہے۔

☆☆☆

جرائم کی تحقیقات کرنے والے محکمہ نے چیف منسٹر ریلیف فنڈ (سی ایم آر ایف) اسکام کے سلسلہ میں تحقیقات شروع کردی ہے، جیسا کہ یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ سرکاری دواخانوں کی جانب سے کروڑ ہا روپے پر مشتمل فنڈس کا تغلب کیا گیا ہے، اِس معاملہ میں انفرادی شخصیتیں اور مختلف خانگی دواخانوں کا انتظامیہ ملوث ہے، جنہوں نے جعلی بلس داخل کرتے ہوئے سی ایم آر ایف کے تحت رقم حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔ اِس سلسلہ میں اُس وقت کیس درج کیا گیا جب سی ایم آر ایف ونگ کے ایک عہدیدار نے شکایت درج کرائی۔ ایف آئی آر نے چھ دواخانوں کا نام شامل کیا گیا ہے جو میر پیٹ، ہستینا پورم، بی این ریڈی نگر، رنگاریڈی، کوتہ پیٹ اور بیرامل گوڑہ میں واقع ہیں۔ تحقیقاتی عمل کے تحت سی آئی ڈی کی ٹیموں نے ریاست بھر میں کریم نگر، رنگاریڈی، ورنگل اور میدک سمیت چند دواخانوں کا معائنہ کیا ہے۔

☆☆☆

کانگریس کے ایم ایل اے لکشمن کمار اور ایم ایل سی جیون ریڈی نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک خط لکھتے ہوئے ان سے اپیل کی ہے کہ حیدرا (حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ اسسٹس مانیٹرنگ اینڈ پروٹیکشن) کو اِس بات کی ہدایت دی جائے کہ حیدرآباد میں حسین ساگر جھیل کے بفرزون میں دی گئی تعمیرات کی اجازت کو منسوخ کیا جائے۔ اِن لیڈرس نے کہا کہ خیرت آباد کے آنجہانی ایم ایل اے جنار دھن ریڈی نے سابق میں اِس سلسلہ میں مہم چلائی تھی اور فوری کارروائی کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ مذکورہ خط میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ آبی ذخائر کے حدود میں غیر قانونی تعمیرات سے کسانوں اور ماہی گیروں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

☆☆☆

سائنس اور ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے شروع کردہ نئی بائیو ای 3 پالیسی سے ملک آنے والے سالوں میں عالمی لیڈر بن کر ابھرے گا۔ نئی دہلی میں مذکورہ پالیسی کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ ملک کی بائیو معیشت سال 2014ء کے دوران 10 بلین ڈالر سے بڑھ کر سال 2024ء میں زبردست اضافہ کے ساتھ 130 بلین ڈالر ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی بائیو ای 3 پالیسی کو شروع کرنے کا مقصد ماحولیاتی تبدیلی اور قابل تجدید ذرائع جیسے معاملات سے نمٹنا ہے۔

☆☆☆

بی سی ویلفیر کے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج کہا ہے کہ ریاستی حکومت، حیدرآباد میں واقع جھیلوں میں غیر قانونی قبضے جات کے معاملہ میں سنجیدہ ہے۔ انہوں نے یہ وضاحت کی کہ ریاستی حکومت جھیلوں میں غیر قانونی تعمیرات کو منہدم کرنے کے نام پر کسی طرح کی سیاسی دشمنی پر عمل نہیں کر رہی ہے۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ریاست بھر میں جھیلوں کی حفاظت مقامی عہدیداروں کی ذمہ داری ہے، جبکہ آبی وسائل میں غیر قانونی تعمیرات کو برخواست کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کی عوام کی جانب سے ستائش کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کوئی یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے تب وہ عدالت سے رجوع ہوسکتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ جھیلوں کو غیر مجاز قبضہ جات سے برخواست کراتے ہوئے ان کی حفاظت کے لئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کا عملی طور پر حصہ لیں۔

☆☆☆

سابق وزیر و سدی پیٹ ایم ایل اے ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے مطالبہ کیا ہے کہ زمینات کو باقاعدہ بنانے کی اسکیم (ایل آر ایس) کو مفت نافذ کرنے سے متعلق اپنے انتخابی وعدہ کو پورا کیا جائے۔ ہریش راؤ نے ریاستی حکومت پر تنقید کی کہ وہ زرعی قرضہ جات کو معاف کرنے اور کسانوں کی مدد کے لئے ریئتو بھروسہ اسکیم جیسے اہم معاملات کو حل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیماریوں کے پھیلنے اور دیگر چیلنجز کے سبب طبی اخراجات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ سی ایم کو روانہ کردہ ایک کھلے خط میں ہریش راؤ نے کہا کہ ریاستی حکومت، ایل آر ایس فیس کے بہانے پندرہ ہزار کروڑ روپے جمع کرنے کی کوشش کر رہی ہے، جس سے عوام پر غیر ضروری بوجھ عائد ہوگا۔ راؤ نے ریونت ریڈی کو ان کے اور دیگر کانگریسی لیڈرس بشمول نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اور وزراء اتم کمار ریڈی اور سیتا اکا کی جانب سے ایل آر ایس اسکیم کو بنا کسی معاوضہ کے نافذ کرنے جیسے انتخابی وعدوں کو یاد دلایا۔ سابق وزیر نے کانگریس قیادت کے رویہ کو دوہرا معیار قرار دیا اور کہا کہ وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے

تلنگانہ ہائی کورٹ میں ایل آر ایس کے خلاف ایک درخواست داخل کی تھی۔ ہریش راؤ نے عوام پر زور دیا کہ ایل آر ایس کی فیس ادا نہ کرتے ہوئے حکومت کے خلاف اپنا احتجاج درج کرائیں۔

☆☆☆

سیولس پریلمنری امتحانات میں کامیاب 135 نوجوانوں کو راجیو گاندھی سیولس ابھایا ہستم پروگرام کے تحت فی کس ایک لاکھ روپے کی مالی امداد دی گئی ہے۔ سنگارینی کول کالریز نے سی ایس آر پروگرام کے تحت یہ اسکیم شروع کی ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ اس اسکیم سے امیدواروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت سیول سرویس کے سلسلہ میں نوجوانوں کی ہمیشہ حمایت کرتی رہے گی۔ سی ایم نے مزید کہا کہ تمام یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرس اور پروفیسرس کی جائیدادوں پر جلد تقررات کئے جائیں گے۔ ریونت ریڈی کے مطابق ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی قائم کی جارہی ہے، جس کے ذریعہ نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس یونیورسٹی میں بیس ہزار نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی اگلے تعلیمی سال سے شروع ہوجائے گی، جبکہ ریاستی نوجوانوں کو خصوصی ٹریننگ دی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ایک انٹی گریٹیڈ اقامتی اسکول بھی ہر اسمبلی حلقہ میں شامل کیا جائے گا۔ اِس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور دیگر وزراء بھی موجود تھے۔

☆☆☆

سی آئی ڈی نے اس سلسلہ میں ضلع کھمم میں دس دواخانوں کے خلاف کیس بھی درج کیا ہے۔ اس اسکام میں ہاسپٹل کے ملازمین اور مقامی افراد ملوث ہیں، جنہوں نے دواخانہ کے انتظامیہ کے ساتھ سی ایم آر ایف کے ذریعہ رقم حاصل کرنے کے مقصد سے جعلی بلس تیار کئے۔